# اسٹیٹ بینک آف پاکستان

## بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP-BSC)

# سیکیورٹی گارڈز کی بھرتی

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP-BSC) کو چست، تنومند اور ذہین پاکستانی/آزاد کشمیر کے شہریوں سے، جو مطلوبہ اہلیت اور تجربے کے حامل ہوں، سیکیورٹی گارڈز (کنٹریکٹ پر) کی اسامیوں کے لیے مسلح افواج کے ریٹائرڈ ملازمین سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

**اہلیت کا معیار**

**تعلیم:** کم ازکم میٹرک۔ بلوچستان کا ڈومیسائل رکھنے والے کم ازکم مڈل (آٹھویں جماعت) تعلیمی اہلیت کے حامل امیدوار بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

**میڈیکل کیٹگری، ریٹائرمنٹ کی مدت اور چال چلن:** امیدواروں کی ریٹائرمنٹ کے وقت میڈیکل کیٹگری A/AYE/Fit یا مساوی ہونی چاہیئے۔ ریٹائرمنٹ کی تاریخ درخواست جمع کرانے کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ تین سال پہلے کی ہونی چاہیے۔ امیدواروں کے لیے لازمی ہے کہ شاندار (Exemplary) چال چلن کے ساتھ آرمی، بحریہ، میرینز یا فضائیہ سے ریٹائر ہوئے ہوں۔

**قد:** کم ازکم 5 فٹ 7 انچ۔

**عمر کی حد:** درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ تک 33 سے 40 سال کے درمیان۔

**تجربہ:** آرمی (صرف Fighting and supporting arms)، بحریہ (آپریشنز اور ٹیکنیکل برانچ)، فضائیہ (جی سی اور ٹیکنیکل برانچ) اور میرینز کے ریٹائرڈ عملے کے لیے کم ازکم 12 سے 15 سالہ ملازمت کا تجربہ جس میں خصوصاً ایس ایس جی، Anti Terrorist Training، پولیس، پرووسٹ/ریگولیشنز، انٹیلی جنس، الیکٹرانکس، مکینکل انجینئرنگ اور سیکیورٹی سے متعلق فرائض انجام دیے ہوں۔ اس کے علاوہ الیکٹرانک نگرانی کے نظام بشمول سی سی ٹی وی کیمروں کو چلانے کا تجربہ اور Fire Fighting کی اسپیشلائزیشن اضافی اہلیت سمجھی جائے گی۔

**انتخاب کا طریقہ کار**

شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں کو انٹرویو کے لیے سلیکشن بورڈ کے سامنے پیش ہونا ہوگا۔ منتخب امیدواروں کے کوائف تصدیق کے لیے مسلح افواج کے متعلقہ ہیڈکوارٹرز کو ارسال کیے جائیں گے۔ کلیرنس موصول ہونے کے بعد کامیاب امیدواروں کو ابتدائی طور پر کنٹریکٹ کی بنیاد پر دو (2) سال کے لیے تقرر کیا جائے گا، جس میں مزید توسیع انکی کنٹریکٹ کی مدت کے دوران کارکردگی اور چال چلن کی بنیاد پر ہوسکتی ہے۔

**تنخواہ کا پیکج**

منتخب امیدواروں کو مارکیٹ کے مطابق تنخواہ و دیگر مراعات کی پیشکش کی جائے گی۔

**تعیناتی کا مقام**

منتخب امیدواروں کو بینک کے ہیڈ آفس، کراچی یا کسی بھی فیلڈ آفس واقع بہاولپور، ڈی آئی خان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، حیدرآباد، اسلام آباد، لاہور، ملتان، مظفر آباد، پشاور، کوئٹہ، راولپنڈی، سیالکوٹ اور سکھر میں تعینات کیا جاسکتا ہے۔

**درخواستیں دینے کا طریقہ کار**

دلچسپی رکھنے والے پاکستانی اور آزاد کشمیر کے شہری جو کہ مندرجہ بالا معیار پر پورے اترتے ہوں، مندرجہ ذیل پروفارما کو پُر کرکے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، سروس بک اور تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول اور حالیہ تصویر کے ساتھ درج ذیل پتہ پر، **10 دسمبر 2014ء** تک بھیج سکتے ہیں:

**ڈائریکٹر**
ہیومن ریسورس مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ
ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن، ہیڈ آفس
آئی آئی چندریگر روڈ کراچی

ازراہ کرم لفافے پر اس اسامی کا نام لکھیں، جس کے لیے درخواست دی گئی ہو۔

صرف شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں سے رابطہ کیا جائے گا۔ نامکمل/تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ غلط معلومات فراہم کرنے یا انتخاب کے عمل پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی صورت میں امیدوار کو بینک میں موجودہ اور آئندہ کسی بھی اسامی پر تقرر کے لیے قطعاً نااہل قرار دے دیا جائے گا، خواہ وہ دیگر معیارات پر پورا اترتا ہو۔

## سیکیورٹی گارڈ (کنٹریکٹ پر) کے عہدے کے لیے پروفارما

**ذاتی معلومات**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نام | | آرمی نمبر | | آخری یونٹ | |
| شناختی کارڈ نمبر | _ _ _ _ _ - _ _ _ _ _ _ _ - _ | | | تاریخ پیدائش | سال / مہینہ / دن |
| ڈومیسائل | | قومیت | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ریٹائرمنٹ کی تاریخ | | سینٹر | |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں سے ریٹائر ہوئے | آرمی | [ ] | نیوی | [ ] | ایئرفورس | [ ] | میرینز | [ ] | کتنے سال ملازمت کی | |

| | |
|---|---|
| برانچ | [ ] فائٹنگ اور سپورٹ [ ] آپریشنز اور ٹیکنیکل [ ] جی سی اور ٹیکنیکل [ ] میرینز [ ] ایس ایس جی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ریٹائرمنٹ کے وقت میڈیکل کیٹگری | AYE [ ]<br>A [ ]<br>Fit [ ]<br>[ ] دیگر ---------- | ریٹائرمنٹ کے وقت کیریکٹر ریمارکس | Examplary [ ]<br>Good [ ]<br>Very Good [ ]<br>[ ] دیگر ---------- | قد (فٹ-انچ)<br><br>وزن (کلوگرام) | |
| فون (رہائش) | | موبائل نمبر | | | |

| | |
|---|---|
| ڈاک کا پتہ | مستقل پتہ |
| | |

تعلیم و دیگر اسناد۔ ضرورت ہو تو اضافی صفحات منسلک کیے جاسکتے ہیں۔

| # | تعلیم | بورڈ/یونیورسٹی/انسٹی ٹیوٹ | کس سن میں پاس کیا | گریڈ/فیصدی مارکس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

تجربہ (مسلح افواج اور ریٹائرمنٹ کے بعد)۔ ضرورت ہو تو اضافی صفحات منسلک کیے جاسکتے ہیں۔

| # | عہدہ | ادارہ | کب سے | کب تک | کتنے سال |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

کس شہر میں انٹرویو دینے کو ترجیح دیں گے (براہ کرم صرف ایک شہر پر ( ✓ ) نشان لگائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کراچی [ ] | لاہور [ ] | راولپنڈی [ ] | کوئٹہ [ ] | پشاور [ ] | ملتان [ ] |

تاریخ: ____________

امیدوار کے دستخط ____________

42X4